وَلَا أَسُبُّهُ مَا ذَكَرْتُ حِينَ خَلَّفَهُ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ غَزَاهَا رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: خَلَّفْتَنِي مَعَ الصِّبْيَانِ وَالنِّسَاءِ، قَالَ: أَلَا تَرْضٰى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوسٰى، إِلَّا أَنَّهُ لَا نُبُوَّةَ بَعْدِي. وَلَا أَسُبُّهُ مَا ذَكَرْتُ يَوْمَ خَيْبَرَ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: لَأُعْطِيَنَّ هٰذِهِ الرَّايَةَ رَجُلًا يُحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ، وَيَفْتَحُ اللهُ عَلٰى يَدَيْهِ فَتَطَاوَلْنَا لِرَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم، فَقَالَ: أَيْنَ عَلِيٌّ؟ قَالُوا: هُوَ أَرْمَدُ، فَقَالَ: ادْعُوهُ فَدَعَوْهُ فَبَصَقَ فِي وَجْهِهِ، ثُمَّ أَعْطَاهُ الرَّايَةَ، فَفَتَحَ اللهُ عَلَيْه.

١٠٧: أخرجه الحاكم في المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، ومن مناقب أمير المؤمنين علي بن أبي طالب رضي الله عنه، ٣/١١٧، الرقم/٤٥٧٥۔

اِسے امام نسائی نے 'السنن الکبریٰ' میں روایت کیا ہے۔

۱۰۷۔ ابو العباس محمد بن یعقوب > محمد بن سنان القزاز > عبید اللہ بن عبد المجید الحنفی > احمد بن جعفر القطیعی > عبد اللہ بن احمد بن حنبل > اپنے والد سے > ابو بکر الحنفی > بکیر بن مسمار > **عامر بن سعد نے کہا کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے پوچھا:** آپ کو ابنِ ابی طالب کو برا کہنے سے کیا چیز مانع ہے؟ انہوں نے کہا: مجھے وہ تین خصوصیات یاد ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق فرمائی تھیں، اس لیے میں ان کو کبھی برا نہیں کہہ سکتا، ان تین خصوصیات میں سے ایک بھی اگر میرے لیے ہوتی تو وہ مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ محبوب تھی۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اُن سے پوچھا: ابو اسحاق وہ کون سی خصوصیات ہیں؟ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے کہا: میں ان کو اس وجہ سے برا نہیں کہتا، جب مجھے یاد آتا ہے کہ ایک مرتبہ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی نازل ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی، ان کے دونوں بیٹوں اور سیدہ فاطمہ علیہم السلام کو اپنی چادر میں داخل کر لیا، پھر بارگاہِ الٰہی میں عرض کیا: میرے رب! یہ میرے اہلِ بیت ہیں۔

اور میں اپنی اس یاد کی وجہ سے بھی اُنہیں برا نہیں کہتا، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غزوہ تبوک پر جاتے ہوئے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو (اپنا نائب بنا کر مدینہ طیبہ میں) پیچھے چھوڑ دیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ سے عرض کیا: (یا رسول اللہ!) آپ نے مجھے عورتوں اور بچوں کے ساتھ چھوڑ دیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ تمہیں میرے ساتھ وہی نسبت ہو جو حضرت ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تھی مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ اور جب خیبر کا دن مجھے یاد آتا ہے تب بھی میں ان کی شان میں تنقیص نہیں کرتا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اس شخص کو جھنڈا دوں گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہو گا اور اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھوں فتح یاب کرے گا، اور اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول بھی اُس سے محبت کرتے ہیں، ہم سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کے منتظر تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی کہاں ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: وہ آنکھوں کی تکلیف میں مبتلا ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اُسے میرے پاس لاؤ، جب وہ انہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے چہرے پر لعاب مبارک پھینکا، پھر ان کو جھنڈا عطا کیا، سو اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھوں خیبر فتح کر دیا۔

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَقَالَ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ.

١٠٨. أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا بُكَيْرُ بْنُ مِسْمَارٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَامِرَ بْنَ سَعْدٍ يَقُوْلُ مِثْلَهُ.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ فِي الْكُبْرٰى.

١٠٩. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو بَلْجٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَيْمُونٍ قَالَ: إِنِّي لَجَالِسٌ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ إِذْ أَتَاهُ تِسْعَةُ رَهْطٍ فَقَالُوا: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، إِمَّا أَنْ تَقُوْمَ مَعَنَا وَإِمَّا أَنْ يُخْلُوْنَا هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ: فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: بَلْ أَقُوْمُ مَعَكُمْ، قَالَ: وَهُوَ يَوْمَئِذٍ صَحِيْحٌ قَبْلَ أَنْ يَعْمَى. قَالَ: فَابْتَدَءُوا فَتَحَدَّثُوا فَلَا نَدْرِي مَا قَالُوْا، قَالَ: فَجَاءَ يَنْفُضُ ثَوْبَهُ وَيَقُوْلُ: أُفْ وَتُفْ وَقَعُوا فِي رَجُلٍ لَهُ عَشْرٌ، وَقَعُوا فِي رَجُلٍ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ ﷺ: لَأَبْعَثَنَّ رَجُلًا لَا يُخْزِيْهِ اللهُ أَبَدًا، يُحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ، قَالَ: فَاسْتَشْرَفَ لَهَا مَنِ اسْتَشْرَفَ قَالَ: أَيْنَ عَلِيٌّ؟ قَالُوْا: هُوَ فِي الرَّحْلِ يَطْحَنُ، قَالَ: وَمَا كَانَ أَحَدُكُمْ لِيَطْحَنَ قَالَ: فَجَاءَ وَهُوَ أَرْمَدُ لَا يَكَادُ يُبْصِرُ، قَالَ: فَنَفَثَ فِي عَيْنَيْهِ ثُمَّ هَزَّ الرَّايَةَ ثَلَاثًا، فَأَعْطَاهَا إِيَّاهُ فَجَاءَ بِصَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ.

قَالَ: ثُمَّ بَعَثَ فُلَانًا بِسُوْرَةِ التَّوْبَةِ فَبَعَثَ عَلِيًّا خَلْفَهُ فَأَخَذَهَا مِنْهُ،

١٠٨: أخرجه النسائي في السنن الكبرى، كتاب الخصائص، ذكر الاختلاف على محمد بن المنكدر في هذا الحديث، ٥/١٢٢، الرقم/٨٤٣٩۔

١٠٩: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ١/٣٣٠، الرقم/٣٠٦٢۔

اِسے امام حاکم نے روایت کیا اور شیخین کی شرائط پر صحیح قرار دیا ہے۔

۱۰۸۔ محمد بن المثنیٰ > ابو بکر الحنفی > بکیر بن مسمار > **انہوں نے کہا کہ میں نے عامر بن سعد کو اسی طرح کہتے ہوئے سنا ہے۔**

اِسے امام نسائی نے ’السنن الکبریٰ‘ میں روایت کیا ہے۔

۱۰۹۔ عبد اللہ > یحییٰ بن حماد > ابو عوانہ > ابو بلج > **عمرو بن میمون بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا** کہ اچانک ان کے پاس نو آدمیوں کا ایک گروہ آیا۔ انہوں نے کہا: اے ابنِ عباس! یا تو آپ ہمارے ساتھ چلیے یا ہمیں ان سے خلوت عنایت کر دیجیے؟ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: بلکہ میں تمہارے ساتھ چلتا ہوں، ان دنوں وہ بالکل صحیح تھے ابھی نابینا نہیں ہوئے تھے۔ وہ لوگ آپس میں گفتگو کرنے لگے، ہمیں نہیں معلوم کہ انہوں نے کیا کہا۔ راوی کہتے ہیں کہ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما اپنے کپڑے جھاڑنے لگے اور فرمانے لگے: اُف تف ہے ان پر یہ ایسے شخص میں عیب نکالتے ہیں جنہیں دس خصائص حاصل ہیں، وہ اس شخص کے پیچھے پڑ گئے ہیں جن کے متعلق حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (خیبر کے موقع پر) فرمایا: میں ضرور اس شخص کو بھیجوں گا جسے اللہ کبھی رسوا نہیں کرے گا، وہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے۔ ہر شخص نے اس اعزاز کی خواہش کی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی کہاں ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: وہ قیام گاہ میں چکی پیس رہے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی اور چکی نہیں پیس سکتا تھا! پھر وہ اس حال میں آئے کہ آشوبِ چشم میں مبتلا تھے کہ انہیں دکھائی بھی نہ دیتا تھا تو آپ نے ان کی آنکھوں میں لعاب مبارک ڈالا پھر آپ نے جھنڈے کو تین بار ہلایا اور اسے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے کر دیا اور خود حضرت صفیہ بنتِ حیی رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لے گئے۔

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فلاں شخص کو سورۃ التوبہ دے کر بھیجا تو ان کے پیچھے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو روانہ کیا کہ ان سے لے لیں اور فرمایا کہ اس کو صرف وہ

قَالَ: لا يَذْهَبُ بِهَا إِلَّا رَجُلٌ مِنِّي وَأَنَا مِنْهُ. قَالَ: وَقَالَ لِبَنِي عَمِّهِ: أَيُّكُمْ يُوَالِيْنِي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ؟ قَالَ: وَعَلِيٌّ مَعَهُ جَالِسٌ فَأَبَوْا فَقَالَ عَلِيٌّ: أَنَا أُوَالِيْكَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، قَالَ: أَنْتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ قَالَ: فَتَرَكَهُ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلٰى رَجُلٍ مِنْهُمْ فَقَالَ: أَيُّكُمْ يُوَالِيْنِي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ؟ فَأَبَوْا قَالَ: فَقَالَ عَلِيٌّ: أَنَا أُوَالِيكَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ فَقَالَ: أَنْتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ. قَالَ: وَكَانَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ مِنَ النَّاسِ بَعْدَ خَدِيجَةَ. قَالَ: وَأَخَذَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ ثَوْبَهُ فَوَضَعَهُ عَلٰى عَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَحَسَنٍ وَحُسَيْنٍ ﵈ فَقَالَ: ﴿اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾ .

قَالَ: وَشَرٰى عَلِيٌّ نَفْسَهُ لَبِسَ ثَوْبَ النَّبِيِّ ﷺ ثُمَّ نَامَ مَكَانَهُ قَالَ: وَكَانَ الْمُشْرِكُوْنَ يَرْمُوْنَ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ فَجَاءَ أَبُو بَكْرٍ وَعَلِيٌّ نَائِمٌ، قَالَ: وَأَبُو بَكْرٍ يَحْسَبُ أَنَّهُ نَبِيُّ اللهِ، قَالَ: فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللهِ، قَالَ: فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: إِنَّ نَبِيَّ اللهِ ﷺ قَدِ انْطَلَقَ نَحْوَ بِئْرِ مَيْمُوْنٍ، فَأَدْرِكْهُ، قَالَ: فَانْطَلَقَ أَبُو بَكْرٍ فَدَخَلَ مَعَهُ الْغَارَ. قَالَ: وَجَعَلَ عَلِيٌّ يُرْمَى بِالْحِجَارَةِ كَمَا كَانَ يُرْمَى نَبِيُّ اللهِ وَهُوَ يَتَضَوَّرُ قَدْ لَفَّ رَأْسَهُ فِي الثَّوْبِ لا يُخْرِجُهُ حَتّٰى أَصْبَحَ ثُمَّ كَشَفَ عَنْ رَأْسِهِ فَقَالُوا: إِنَّكَ لَلَئِيْمٌ كَانَ صَاحِبُكَ نَرْمِيْهِ فَلَا يَتَضَوَّرُ وَأَنْتَ تَتَضَوَّرُ وَقَدِ

ہی شخص لے کر جائے گا جو مجھ سے ہو گا اور میں اس سے ہوں گا۔ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ ﷺ نے اپنے چچا زاد بھائیوں کو (ایک جگہ اکٹھا کر کے) فرمایا: تم میں سے کون دنیا اور آخرت میں میرے ساتھ دوستی بنانا چاہتا ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ وہاں بیٹھے ہوئے تھے، سب نے انکار کیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں دنیا اور آخرت کے لیے آپ سے دوستی قائم کرنا چاہتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم دنیا اور آخرت میں میرے دوست ہو۔ آپ ﷺ نے انہیں ایک طرف کر کے پھر اپنے رشتہ داروں میں سے ایک شخص کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: تم میں سے کون میرے ساتھ دنیا اور آخرت کی خاطر دوستی قائم کرنا چاہتا ہے؟ سب نے پھر انکار کیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں دنیا اور آخرت میں آپ سے دوستی کرنا چاہتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: تم دنیا اور آخرت میں میرے دوست ہو۔ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بعد سب لوگوں میں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ ہی سب سے پہلے اسلام لائے تھے۔ اُنہوں نے ہی فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے اپنا کپڑا مبارک تھاما اور اسے حضرت علی، سیدہ فاطمہ اور حضرات حسن و حسین علیہم السلام کے اوپر ڈال دیا اور پھر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا: (بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول ﷺ کے) اہلِ بیت! تم سے ہر قسم کے گناہ کا مَیل (اور شک و نقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے)۔

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے تو اپنی جان بھی راہِ خدا بیچ دی تھی جب وہ حضور نبی اکرم ﷺ کا لباس زیبِ تن کر کے (ہجرت کے موقع پر) آپ کی جگہ پر سو گئے۔ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مشرک رسول اللہ ﷺ پر پتھر برسانے لگے، اس اثناء میں حضرت ابو بکر آئے جبکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سوئے ہوئے تھے، حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے گمان کیا کہ یہ اللہ کے نبی ہیں، انہوں نے آواز دی: یا نبی اللہ! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: نبی اللہ ﷺ بئرِ میمون کی طرف چلے گئے ہیں آپ انہیں ادھر ہی جا کر تلاش کریں۔ حضرت ابو بکر چلے گئے اور آپ ﷺ کے ساتھ غارِ ثور میں داخل ہوئے۔ ادھر بستر مبارک پر حضرت علی رضی اللہ عنہ پتھر کھاتے رہے جیسا کہ نبی اللہ ﷺ پر پتھر برسائے جاتے تھے، وہ ساری رات درد و اَلم سے پہلو بدلتے

اسْتَنْكَرْنَا ذٰلِكَ. قَالَ: وَخَرَجَ بِالنَّاسِ فِي غَزْوَةِ تبُوكَ، قَالَ: فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: أَخْرُجُ مَعَكَ؟ قَالَ: فَقَالَ لَهُ نَبِيُّ اللهِ: لَا، فَبَكَى عَلِيٌّ. فَقَالَ لَهُ: أَمَا تَرْضٰى أَنْ تَكُوْنَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسَى إِلَّا أَنَّكَ لَسْتَ بِنَبِيٍّ......الحديث.

رَوَاهُ أَحْمَدُ.

١١٠. أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَضَّاحُ وَهُوَ أَبُو عَوَانَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَيْمُونٍ مِثْلَهُ.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ فِي الْكُبْرٰى.

١١١. أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرٍ أَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ حَمْدَانَ الْقَطِيْعِيُّ، بِبَغْدَادَ مِنْ أَصْلِ كِتَابِهٖ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، ثنا أَبُو بَلْجٍ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ مَيْمُونٍ مِثْلَهُ.

١١٠: أخرجه النسائي في السنن الكبرى، كتاب الخصائص، ذكر قول النبي ﷺ في علي رضي الله عنه إن الله عزوجل لا يخزيه أبدا، ٥/١١٢-١١٣، الرقم/٨٤٠٩.

١١١: أخرجه الحاكم في المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، وذكر إسلام أمير المؤمنين علي رضي الله عنه، ٣/١٤٣، الرقم/٤٦٥٢.

رہے اور انہوں نے اپنے چہرے کو کپڑے میں چھپایا ہوا تھا اور اسے باہر نہیں نکالتے تھے حتی کہ جب صبح ہوئی تو انہوں نے اپنا چہرہ باہر نکالا۔ اس پر مشرکوں نے کہا: تُو تو بڑا رذیل ہے ہم تو تمہارے آقا پر سنگ باری کر رہے تھے، انہیں درد نہیں ہوا اور تو تکلیف سہتا رہا ہے ہم اس کی مذمت کرتے ہیں۔ حضرت ابنِ عباس ؓ نے ہی فرمایا: آپ ﷺ لوگوں کے ساتھ غزوہ تبوک کی طرف چل پڑے تو حضرت علی ؓ نے آپ سے عرض کیا: میں بھی آپ ﷺ کے ساتھ چلوں گا۔ نبی اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: نہیں! اس پر حضرت علی ؓ رو پڑے۔ آپ ﷺ نے ان سے فرمایا: کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ تمہاری میرے ساتھ ایسی نسبت ہو جیسے حضرت ہارون ؑ کی حضرت موسیٰ ؑ سے تھی مگر یہ کہ تم نبی نہیں ہو۔

اِسے امام اَحمد بن حنبل نے روایت کیا ہے۔

۱۱۰۔ محمد بن المثنی > یحیٰ بن حماد > الوضاح ابو عوانہ > یحیٰ > **انہوں نے کہا کہ ہم سے عمرو بن میمون نے اسی طرح حدیث بیان کی ہے۔**

اِسے امام نسائی نے 'السنن الکبریٰ' میں روایت کیا ہے۔

۱۱۱۔ ابو بکر احمد بن جعفر بن حمدان القطیعی نے بغداد میں اصل کتاب سے ہمیں خبر دی > عبد اللہ بن احمد بن حنبل > انہوں نے اپنے والد سے > یحیٰ بن حماد > ابو عوانہ > ابو بلج > **انہوں نے کہا کہ ہم سے عمرو بن میمون نے اسی طرح حدیث بیان کی ہے۔**

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَقَالَ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ.

١١٢. **حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ سَعْدٍ رضي الله عنه.**

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

١١٣. **حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَلِيٍّ رضي الله عنه، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم أَرَادَ أَنْ يَغْزُوَ، فَدَعَا جَعْفَرًا فَأَمَرَهُ أَنْ يَتَخَلَّفَ عَلَى الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ: لَا أَتَخَلَّفُ بَعْدَكَ أَبَدًا، فَأَرْسَلَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم فَدَعَانِي، فَعَزَمَ عَلَيَّ لَمَّا تَخَلَّفْتُ قَبْلَ أَنْ أَتَكَلَّمَ فَبَكَيْتُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: مَا يُبْكِيْكَ؟ قُلْتُ: يُبْكِيْنِي خِصَالٌ غَيْرُ وَاحِدَةٍ، تَقُوْلُ قُرَيْشٌ غَدًا: مَا أَسْرَعَ مَا تَخَلَّفَ عَنِ ابْنِ عَمِّهِ وَخَذَلَهُ، وَتُبْكِيْنِي خَصْلَةٌ أُخْرَى، كُنْتُ أُرِيْدُ أَنْ أَتَعَرَّضَ لِلْجِهَادِ فِي سَبِيْلِ اللهِ لِأَنَّ اللهَ عزوجل يَقُوْلُ: ﴿وَلَا يَطَئُوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ اِنَّ اللهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ﴾ [التوبة، ٩/ ١٢٠]، فَكُنْتُ أُرِيْدُ أَنْ أَتَعَرَّضَ لِلْأَجْرِ، وَتُبْكِيْنِي خَصْلَةٌ أُخْرَى، كُنْتُ أُرِيْدُ أَنْ أَتَعَرَّضَ لِفَضْلِ اللهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم: أَمَّا قَوْلُكَ تَقُوْلُ قُرَيْشٌ: مَا أَسْرَعَ مَا تَخَلَّفَ عَنِ ابْنِ عَمِّهِ وَخَذَلَهُ فَإِنَّ لَكَ فِي**

١١٢: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، فضائل علي بن أبي طالب رضي الله عنه، ٦/ ٣٦٦، الرقم/ ٣٢٠٧٨-

١١٣: أخرجه البزار في المسند، ٣/ ٥٩-٦٠، الرقم/ ٨١٧-

اِسے امام حاکم نے روایت کیا اور کہا ہے: یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

۱۱۲۔ ابو معاویہ > موسیٰ بن مسلم > عبد الرحمٰن بن سابط > **اور انہوں نے حضرت سعد ﷜ سے روایت کیا ہے۔**

اِسے امام ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

۱۱۳۔ ابراہیم بن سعید > محمد بن بکیر > عبد اللہ بن بکیر > حکیم بن جبیر > الحسن بن سعد > اپنے والد سے > **اور انہوں نے حضرت علی ﷜ سے روایت کیا** کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے غزوہ پر جانے کا ارادہ کیا تو حضرت جعفر کو بلایا اور انہیں مدینہ میں پیچھے رہنے کا حکم دیا۔ مگر انہوں نے عرض کیا: میں آپ ﷺ کے پیچھے کبھی نہیں رہوں گا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے مجھے بلا بھیجا اور مجھے پیچھے رہنے پر آمادہ کیا، میں بولنے سے قبل ہی رو پڑا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیوں روتے ہو؟ میں نے عرض کیا: میرے رونے کی کئی وجوہات ہیں۔ قریش کل کہیں گے: نبی نے کتنی جلدی کی ہے کہ اپنے چچا زاد کو بھی پیچھے چھوڑ دیا اور انہیں اپنے سے جدا کر دیا ہے۔ دوسری چیز مجھے یہ رُلاتی ہے کہ میرا ہر وقت جہاد فی سبیل اللہ کا ارادہ ہوتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: (اور وہ کسی ایسی جگہ پر چلتے ہیں جہاں کا چلنا کافروں کو غضب ناک کرتا ہے اور دشمن سے جو کچھ بھی پاتے ہیں (خواہ قتل اور زخم ہو یا مالِ غنیمت وغیرہ) مگر یہ کہ ہر ایک بات کے بدلہ میں ان کے لیے ایک نیک عمل لکھا جاتا ہے۔ بے شک اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں فرماتا)۔ سو میں چاہتا تھا کہ میں اس غزوہ میں بھی یہ اجر سمیٹوں۔ پھر ایک اور چیز مجھے رُلاتی ہے: میں اللہ تعالیٰ کے فضل کا متلاشی رہتا ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جہاں تک تمہارا کہنا ہے کہ قریش تمہیں طعنہ دیں گے کہ نبی نے کتنی جلدی کی ہے کہ اپنے چچا زاد کو بھی پیچھے چھوڑ دیا اور انہیں اپنے سے جدا

أُسْوَةً، قَدْ قَالُوْا لِي: سَاحِرٌ وَكَاهِنٌ وَكَذَّابٌ، وَأَمَّا قَوْلُكَ: أَتَعَرَّضُ لِلأَجْرِ مِنَ اللهِ، أَمَا تَرْضٰى أَنْ تَكُوْنَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى، إِلَّا أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي، وَأَمَّا قَوْلُكَ: أَتَعَرَّضُ بِفَضْلِ اللهِ، فَهٰذَانِ بُهَارَانِ مِنْ فُلْفُلٍ جَاءَنَا مِنَ الْيَمَنِ، فَبِعْهُ، وَاسْتَمْتِعْ بِهٖ أَنْتَ وَفَاطِمَةُ حَتّٰى يَأْتِيَكُمَا اللهُ مِنْ فَضْلِهٖ.

رَوَاهُ الْبَزَّارُ.

١١٤. حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ الإِسْفِرَايِيْنِيُّ، ثَنَا عُمَيْرُ بْنُ مِرْدَاسٍ، ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ بُكَيْرٍ الْغَنَوِيُّ، ثَنَا حَكِيْمُ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ مَوْلٰى عَلِيٍّ، **عَنْ عَلِيٍّ رضي الله عنه مِثْلَهُ.**

رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَقَالَ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ

١١٥. أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ نَصْرٍ الصَّيْدَلَانِيُّ أَنَّ مَحْمُوْدَ بْنَ إِسْمَاعِيْلَ الصَّيْرَفِيَّ أَخْبَرَهُمْ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَهُوَ حَاضِرٌ، أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَاذَانَ، أَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَبَّابُ، أَنَا الْقَاضِي أَبُو بَكْرٍ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ أَبِي عَاصِمٍ، نَا أَبُو الرَّبِيعِ وَأَبُو بَكْرٍ قَالَا: نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، **عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ مِثْلَهُ.**

رَوَاهُ الْمَقْدِسِيُّ وَقَالَ: إِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ.

١١٤: أخرجه الحاكم في المستدرك، كتاب التفسير، باب تفسير سورة التوبة، ٢/٣٦٧، الرقم/٣٢٩٤۔

١١٥: أخرجه المقدسي في الأحاديث المختارة، ٣/٢٠٧، الرقم/١٠٠٨۔

کر دیا ہے تو اس میں تمہارے لیے میرا اُسوہ ہے کہ انہوں نے مجھے جادوگر، کاہن اور کذاب تک کہا ہے۔ تمہارا یہ کہنا کہ مجھے اجر کی طلب ہے تو کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ تم کو میرے ساتھ ایسی نسبت ہو جیسی حضرت ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تھی مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ تمہاری تیسری بات کہ تم اللہ تعالیٰ کے فضل کے طلب گار ہو تو یہ مرچوں کی دو بوریاں ہیں جو ہمارے پاس یمن سے آئے ہیں، اسے بیچ کر تم اور فاطمہ فائدہ اُٹھاؤ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تم پر اپنا فضل فرما دے۔

اِسے امام بزار نے روایت کیا ہے۔

۱۱۴۔ الحسن بن محمد بن اسحاق الاسفرایینی > عمیر بن مرداس > عبد اللہ بن بکیر الغنوی > حکیم بن جبیر > الحسن بن سعد مولیٰ علی > **اور انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اسی طرح روایت کیا ہے۔**

اِسے امام حاکم نے روایت کیا اور کہا ہے: یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

۱۱۵۔ محمد بن احمد بن نصر الصید لانی > محمود بن اسماعیل الصیر فی > محمد بن عبد اللہ بن شاذان > عبد اللہ بن محمد القباب > القاضی ابو بکر احمد بن عمرو بن ابی عاصم > ابو الربیع اور ابو بکر > ابو معاویہ > الشیبانی > **اور انہوں نے حضرت عبد الرحمٰن بن سابط رضی اللہ عنہ سے اسی طرح روایت کیا ہے۔**

اِسے امام مقدسی نے روایت کیا اور کہا ہے: اس حدیث کی اسناد صحیح ہے۔

١١٦. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: نا أَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ عَبْدُ الْكَبِيْرِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ، قَالَ: نا بُكَيْرُ بْنُ مِسْمَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَامِرَ بْنَ سَعْدٍ، يُحَدِّثُ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِسَعْدٍ: مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَسُبَّ عَلِيًّا؟ قَالَ: لَا أَسُبُّهُ مَا ذَكَرْتُ ثَلَاثًا قَالَهُنَّ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لَأَنْ يَكُوْنَ قَالَ لِي وَاحِدَةً مِنْهُنَّ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: مَا هُنَّ، يَا أَبَا إِسْحَاقَ؟ قَالَ: لَا أَسُبُّهُ مَا ذَكَرْتُ حِيْنَ نَزَلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ، فَأَحْنَى عَلَيْهِ وَعَلَى ابْنَتِهِ فَاطِمَةَ وَعَلَى ابْنَيْهِ فَأَدْخَلَهُمْ تَحْتَ ثَوْبِهِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ، هٰؤُلَاءِ أَهْلِي وَأَهْلُ بَيْتِي.

وَلَا أَسُبُّهُ حِيْنَ خَلَّفَهُ فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: خَلَّفْتَنِي مَعَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ، فَقَالَ لَهُ: أَلَا تَرْضٰى أَنْ تَكُوْنَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى إِلَّا أَنَّهُ لَا نُبُوَّةَ بَعْدِي، وَلَا أَسُبُّهُ مَا ذَكَرْتُ يَوْمَ خَيْبَرَ حِيْنَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يُحِبُّهُ اللهُ وَرَسُوْلُهُ يَفْتَحُ اللهُ عَلٰى يَدَيْهِ، فَتَطَاوَلَ لَهَا نَاسٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَيْنَ عَلِيٌّ؟ فَقَالُوْا: هُوَ ذَا هُوَ، قَالَ: ادْعُوْهُ، فَدَعُوهُ، فَبَصَقَ فِي عَيْنِهِ، ثُمَّ أَعْطَاهُ الرَّايَةَ، فَفَتَحَ اللهُ عَلَيْهِ، قَالَ: فَلَا، وَاللهِ، مَا ذَكَرَهُ ذٰلِكَ الرَّجُلُ بِحَرْفٍ حَتّٰى خَرَجَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ.

رَوَاهُ الْبَزَّارُ.

١١٦: أخرجه البزار في المسند، ٣/ ٣٢٤، الرقم/ ١١٢٠.

۱۱۶۔ محمد بن المثنی > ابو بکر الحنفی عبد الکبیر بن عبد المجید > بکیر بن مسمار > **عامر بن سعد بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے کہا:** آپ کو علی کو برا کہنے سے کیا چیز مانع ہے؟ انہوں نے کہا: مجھے وہ تین باتیں یاد ہیں جو رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق فرمائی تھیں، اس لیے میں ان کو کبھی برا نہیں کہہ سکتا، ان تین باتوں سے ایک بات بھی اگر آپ ﷺ نے میرے لیے فرمائی ہوتی تو وہ مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ محبوب تھی۔ اس شخص نے پوچھا: ابو اسحاق وہ کون سی ہیں؟ انہوں نے فرمایا: میں ان کو اس وجہ سے برا نہیں کہتا جب مجھے یاد آتا ہے کہ ایک مرتبہ جب آپ ﷺ پر وحی نازل ہوئی تو آپ نے حضرت علی، اپنی بیٹی فاطمہ اور ان کے دونوں بیٹوں کو اپنے قریب کیا اور انہیں اپنے کپڑے میں داخل کر لیا، پھر بارگاہِ الٰہی میں عرض کیا: میرے رب! یہ میرے اہل ہیں، میرے اہلِ بیت ہیں۔

اور میں اپنی اس یاد کی وجہ سے بھی انہیں برا نہیں کہتا جب رسول اللہ ﷺ نے کسی غزوہ پر جاتے ہوئے انہیں پیچھے چھوڑ دیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ سے عرض کیا: (یا رسول اللہ!) آپ نے مجھے عورتوں اور بچوں کے ساتھ چھوڑ دیا ہے۔ آپ ﷺ نے ان سے فرمایا: کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ تمہیں میرے ساتھ ایسی نسبت ہو جیسے کہ حضرت ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تھی مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ خیبر کا دن مجھے یاد آتا ہے، اِس بنا پر بھی میں ان کی شان میں تنقیص نہیں کرتا۔ جب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کل میں اس شخص کو جھنڈا دوں گا جس سے اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول محبت کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھوں فتح یابی سے نوازے گا، سب لوگ اس سعادت کے منتظر تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: علی کہاں ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: وہ تکلیف میں ہیں۔ آپ نے فرمایا: اسے میرے پاس لاؤ، جب وہ انہیں آپ ﷺ کے پاس لائے تو آپ نے ان کی آنکھ میں لعاب مبارک ڈالا، پھر ان کو جھنڈا عطا کیا، سو اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھوں فتح عطا فرما دی۔ راوی نے کہا کہ اللہ کی قسم اس شخص نے اس پر ایک حرف بھی نہ بولا اور مدینہ سے نکل گیا۔

اِسے امام بزار نے روایت کیا ہے۔

١١٧. أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ نَصْرٍ بِأَصْبَهَانَ، أَنَّ مَحْمُوْدَ بْنَ إِسْمَاعِيْلَ الصَّيْرَفِيَّ أَخْبَرَهُمْ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَهُوَ حَاضِرٌ، أَنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَاذَانَ أَنا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَبَّابُ، أَنا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ أَبِي عَاصِمٍ، نَا ابْنُ كَاسِبٍ، نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيْحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ رَبِيْعَةَ هُوَ ابْنُ الْحَارِثِ الْجُرَشِيُّ قَالَ: **ذُكِرَ عَلِيٌّ عِنْدَ مُعَاوِيَةَ وَعِنْدَهُ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ:** أَيُذْكَرُ عَلِيٌّ عِنْدَكَ إِنَّ لَهُ مَنَاقِبَ أَرْبَعٌ لَأَنْ تَكُونَ فِيَّ وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ كَذَا وَكَذَا ذَكَرَ حُمْرَ النَّعَمِ، قَوْلُهُ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ؛ وَقَوْلُهُ: بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسٰى؛ وَقَوْلُهُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ وَنَسِيَ سُفْيَانُ الرَّابِعَةَ. ذُكِرَ فِي صَحِيْحِ مُسْلِمٍ مِنْ رِوَايَةِ بُكَيْرِ بْنِ مِسْمَارٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيْهِ لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ وَقَوْلُهُ: هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى.

رَوَاهُ الْمَقْدِسِيُّ وَقَالَ: إِسْنَادُهُ حَسَنٌ.

١١٨. حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدَةَ الْعُصْفُرِيُّ، قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَمَّادٍ الشُّعَيْثِيُّ، قَالَ: نَا أَبُو الصَّبَّاحِ عَبْدُ الْغَفُورِ بْنُ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ حَكِيْمٍ، **عَنِ ابْنِ عُمَرَ** رضي الله عنهما، أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ لِعَلِيٍّ: أَمَا تَرْضٰى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسٰى، غَيْرَ أَنَّهُ لَا نُبُوَّةَ وَلَا وِرَاثَةَ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

١١٧: أخرجه المقدسي في الأحاديث المختارة، ٣/١٥١، الرقم/٩٤٨ـ

١١٨: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٢/١٢٦، الرقم/١٤٦٥ـ

۱۱۷۔ محمد بن احمد بن نصر باصبہان > محمود بن اسماعیل الصیرفی > محمد بن عبد اللہ بن شاذان > عبد اللہ بن محمد القباب > احمد بن عمرو بن ابی عاصم > ابن کاسب > سفیان بن عیینہ > ابن ابی نجیح > اپنے والد سے > ربیعہ ابن الحارث الجرشی > **انہوں نے کہا کہ حضرت معاویہ کے سامنے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ذکر ہوا** تو ان کے پاس اس وقت حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے۔ **حضرت سعد نے ان سے فرمایا:** کیا علی کا تمہارے سامنے ذکر ہو رہا ہے؟ یقیناً انہیں چار ایسے اوصاف حاصل ہیں کہ ان میں سے مجھے ایک بھی مل جانا فلاں فلاں چیز سے زیادہ محبوب ہے اور سرخ اونٹوں کا ذکر کیا۔ ایک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ان کے متعلق فرمان کہ میں ضرور جھنڈا عطا کروں گا۔ پھر فرمایا کہ ان کی میرے ساتھ ایسی نسبت ہے جیسے حضرت ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تھی۔ پھر فرمان کہ جس کا میں مولا ہوں، اس کا علی مولا ہے۔ راوی سفیان چوتھی خوبی بھول گیا۔ صحیح مسلم میں بکیر بن مسمار، عامر بن سعد اور حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے طریق سے مروی ہے کہ میں ضرور جھنڈا عطا کروں گا اور حضرت ہارون علیہ السلام کی حضرت موسیٰ علیہ السلام سے نسبت والی حدیث بھی اسی میں مروی ہے۔

اِسے امام مقدسی نے روایت کیا اور کہا ہے: اس حدیث کی اسناد حسن ہے۔

۱۱۸۔ احمد > احمد بن عمرو بن عبیدہ العصفری > عبد الرحمٰن بن حماد الشعیثی > ابو الصباح عبد الغفور بن سعید الانصاری > عبد العزیز بن حکیم > **انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا** کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ تم کو میرے ساتھ ایسی نسبت ہو جیسے کہ حضرت ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تھی مگر میرے بعد نبوت اور وراثت جاری نہیں ہوئی۔

اِسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١١٩. حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ قَالَ: نَا أُمَيَّةُ، قَالَ: نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: نَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قُلْتُ لِعَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ: أَشْهَدُ عَلٰى عَبْدِ خَيْرٍ، أَنَّهُ حَدَّثَنِي، أَنَّهُ سَمِعَ عَلِيًّا يَقُوْلُ عَلٰى هٰذَا الْمِنبَرِ: خَيْرُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا أَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ، وَقَالَ: لَوْ شِئْتُ لَسَمَّيْتُ ثَالِثًا، فَضَرَبَ عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ يَدَهُ عَلٰى فَخِذِي وَقَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ أَنَّ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ حَدَّثَنِي، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ لِعَلِيٍّ: أَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوسٰى.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

١٢٠. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبَانَ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ الْمِنهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رضي الله عنه، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم قَالَ لِعَلِيٍّ: أَمَا تَرْضٰى أَنْ تَكُوْنَ مِنِّي كَمَا هَارُوْنُ مِنْ مُوْسٰى غَيْرَ أَنَّهُ لَيْسَ بَعْدِي نَبِيٌّ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

١٢١. حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ

١١٩: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٣/١٣٨-١٣٩، الرقم/٢٧٢٨۔

١٢٠: أخرجه الطبراني في المعجم الكبير، ٢٣/٣٧٧، الرقم/٨٩٢۔

١٢١: أخرجه أبو يعلى في المسند، مسند سعد بن أبي وقاص رضي الله عنه، ٢/٦٦، ←

۱۱۹۔ ابراہیم > امیہ > یزید بن زریع > اسرائیل > حکیم بن جبیر > **انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت علی بن حسین (امام زین العابدین) رضی اللہ عنہ سے کہا کہ میں ایک صالح بندے کی گواہی** دیتا ہوں کہ انہوں نے مجھ سے حدیث بیان کی: اُنہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا: نبی کے بعد اس اُمت میں سب سے بہتر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ ہیں، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہیں اور انہوں نے کہا کہ اگر میں چاہوں تو تیسرے کا نام بھی لے لوں، یہ سن کر حضرت علی بن حسین نے اپنا ہاتھ میری ران پر مارا، اور فرمایا: مجھ سے سعید بن المسیب نے حدیث بیان کی، وہ کہتے ہیں: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے مجھ سے حدیث بیان کی کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمہیں مجھ سے وہی نسبت ہے جو حضرت ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تھی۔

اِسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

۱۲۰۔ محمد بن عثمان بن ابی شیبہ > الحسن بن علی الحلوانی > اسماعیل بن ابان > یحیٰی بن سلمہ بن کہیل > اپنے والد سے > المنہال بن عمرو > عامر بن سعد > **انہوں نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا کہ** حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ تم کو میرے ساتھ ایسی نسبت ہو جیسے کہ حضرت ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تھی مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

اِسے امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

۱۲۱۔ عبید اللہ بن معاذ > اپنے والد سے > شعبہ > علی بن زید > امام شعبہ نے اپنا حافظہ مختلط ہونے سے پہلے کہا کہ میں نے سعید بن المسیب کو سنا کہ **انہوں نے کہا: میں نے حضرت**

.... الرقم/۷۰۹۔

-قَالَ شُعْبَةُ: قَبْلَ أَنْ يَخْتَلِطَ قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: خَلَّفَ النَّبِيُّ ﷺ عَلِيًّا فَقَالَ: أَتُخَلِّفُنِي؟ فَقَالَ: أَمَا تَرْضٰى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى غَيْرَ أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي؟ قَالَ: رَضِيْتُ رَضِيْتُ.

رَوَاهُ أَبُو يَعْلٰى.

١٢٢. حَدَّثَنَا دُحَيْمٌ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بَشِيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ يَقُوْلُ: لَمَّا سَارَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ مِنَ الْمَدِيْنَةِ إِلٰى تَبُوْكَ، خَلَّفَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ، فَأَتَاهُ بِالْجُرُفِ يَحْمِلُ سِلَاحَهُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَتُخَلِّفُنِي بَعْدَكَ وَلَمْ أَتَخَلَّفْ عَنْكَ قَطُّ؟ قَالَ: فَوَلّٰى مُدْبِرًا، فَاغْرَوْرَقَتْ عَيْنَاهُ، فَرَجَعَ بَعْدَ فِرَاقِهِ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنَّ الْمُنَافِقِينَ يَزْعُمُوْنَ أَنَّكَ إِنَّمَا خَلَّفْتَنِي اسْتِثْقَالًا لِي، فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَوْمَئِذٍ حَتّٰى رُؤِيَ فِي وَجْهِهِ، فَقَالَ: أَمَا تَرْضٰى أَنْ تَكُوْنَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى، إِلَّا أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِيْ عَاصِمٍ الشَّيْبَانِيُّ.

١٢٣. حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ رُكَانَةَ، عَنْ

١٢٢: أخرجه ابن أبي عاصم في السنة، ٢/ ٦٠٠، الرقم/١٣٣١-

١٢٣: أخرجه ابن أبي عاصم في السنة، ٢/ ٦٠٠، الرقم/١٣٣٢-

سعد بن مالک ﷛ کو فرماتے ہوئے سنا: حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی ﷛ کو اپنے پیچھے نائب چھوڑ دیا تو انہوں نے عرض کیا: کیا آپ مجھے پیچھے چھوڑے جا رہے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ تمہیں میرے ساتھ وہی نسبت ہے جیسی حضرت ہارون ﷤ کو حضرت موسیٰ ﷤ سے تھی، مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں؟ اُنہوں نے عرض کیا: میں راضی ہوں، میں راضی ہوں۔

اِسے امام ابو یعلی نے روایت کیا ہے۔

۱۲۲۔ دحیم > عبد الرحمٰن بن بشیر > محمد بن اسحاق > محمد بن طلحہ > **ابراہیم بن سعد > انہوں نے اپنے والد حضرت سعد ﷛ کو کہتے ہوئے سنا:** جب رسول اللہ ﷺ مدینہ سے غزوہ تبوک کی طرف روانہ ہوئے اور آپ ﷺ نے پیچھے حضرت علی ﷛ کو چھوڑ دیا تو وہ آپ ﷺ کی خدمت میں جرف کے مقام پر اپنا اسلحہ اُٹھائے حاضر ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا آپ ﷺ مجھے پیچھے چھوڑے جا رہے ہیں جبکہ میں کبھی آپ سے پیچھے نہیں رہا۔ راوی نے کہا: وہ پیٹھ پھیر کر مڑے جبکہ اُن کی آنکھوں سے اَشک رواں تھے، وہ پھر حضور نبی اکرم ﷺ کی طرف مڑے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! منافقوں کی یہ بدگمانی ہے کہ آپ نے مجھے بوجھ سمجھ کر پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ اس دن جلال میں آ گئے حتی کہ آپ کے چہرہ مبارک سے دکھائی دینے لگا۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ تمہیں میرے ساتھ وہی نسبت ہے جو حضرت ہارون ﷤ کو حضرت موسیٰ ﷤ سے تھی مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

اِسے امام ابن ابی عاصم الشیبانی نے روایت کیا ہے۔

۱۲۳۔ ابو سلمہ یحییٰ بن خلف > وہب بن جریر > اپنے والد سے > محمد بن اسحاق > محمد بن طلحہ بن یزید بن رکانہ > ابراہیم بن سعد > **انہوں نے اپنے والد حضرت سعد ﷛ سے روایت کیا** کہ جب رسول اللہ ﷺ نے مقامِ جرف میں پڑاؤ کیا تو حضرت علی ﷛ بن ابی طالب اپنا اسلحہ

إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ سَعْدٍ رضي الله عنه، قَالَ: لَمَّا نَزَّلَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم بِالْجُرُفِ، لَحِقَهُ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ يَحْمِلُ سِلَاحَهُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، خَلَّفْتَنِي وَلَمْ أَتَخَلَّفْ عَنْكَ فِي غَزْوَةٍ قَبْلَهَا، وَقَدْ أَرْجَفَ بِيَ الْمُنَافِقُونَ، وَزَعَمُوا أَنَّكَ إِنَّمَا خَلَّفْتَنِي أَنَّكَ اسْتَثْقَلْتَنِي. قَالَ سَعْدٌ: فَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَقُوْلُ: أَلَا تَرْضٰى يَا عَلِيُّ، أَنْ تَكُوْنَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى، إِلَّا أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي؟ فَارْجِعْ فَاخْلُفْنِي فِي أَهْلِي وَأَهْلِكَ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِيْ عَاصِمٍ الشَّيْبَانِيُّ.

١٢٤. ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الْكَرِيمِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ دَاوُدَ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ أَيْمَنَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: ذَكَرَ بُرَيْدَةُ أَنَّ مُعَاوِيَةَ لَمَّا قَدِمَ نَزَلَ بِذِي طُوًى، فَجَاءَ سَعْدٌ، فَأَقْعَدَهُ عَلٰى سَرِيْرِهِ، فَقَالَ سَعْدٌ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم لِعَلِيٍّ: أَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِيْ عَاصِمٍ الشَّيْبَانِيُّ.

١٢٥. حَدَّثَنَا ابْنُ كَاسِبٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، وَقَتَادَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيّبِ، عَنْ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم مِثْلَهُ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِيْ عَاصِمٍ الشَّيْبَانِيُّ.

١٢٦. ثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ، ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَرْبِ بْنِ

١٢٤: أخرجه ابن أبي عاصم في السنة، ٢/٦٠١، الرقم/١٣٤١.

١٢٥: أخرجه ابن أبي عاصم في السنة، ٢/٦٠١، الرقم/١٣٤٢.

١٢٦: أخرجه ابن أبي عاصم في السنة، ٢/٦٠١، الرقم/١٣٤٣.

اُٹھائے آپ ﷺ سے ملے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ نے مجھے پیچھے چھوڑ دیا ہے جبکہ اس سے پہلے میں کسی غزوہ میں آپ سے پیچھے نہیں رہا، منافق مجھے طعنہ دے رہے ہیں اور یہ گمان کر رہے ہیں کہ آپ نے مجھے اس لیے پیچھے چھوڑ دیا ہے کہ آپ مجھے بوجھ خیال کرتے ہیں۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے بیان کیا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے علی! کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ تمہیں میرے ساتھ وہی نسبت ہو جو حضرت ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تھی مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ لہٰذا واپس چلے جاؤ اور میرے اور اپنے اہل و عیال کے پاس رہو۔

اِسے امام ابن ابی عاصم الشیبانی نے روایت کیا ہے۔

۱۲۴۔ محمد بن یحییٰ بن عبد الکریم > عبد اللہ بن داؤد > عبد الواحد بن ایمن > اپنے والد سے > انہوں نے کہا کہ **حضرت بُریدہ** رضی اللہ عنہ **نے بیان کیا** کہ جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ ذی طویٰ کے مقام پر آ کر ٹھہرے تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ ان کے پاس آئے، انہوں نے اِنہیں اپنے پاس چارپائی پر بٹھایا۔ تب حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمہیں میرے ساتھ وہی نسبت ہے جو حضرت ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تھی۔

اِسے امام ابن ابی عاصم الشیبانی نے روایت کیا ہے۔

۱۲۵۔ ابن کاسب > عبد الرزاق > معمر > علی بن زید اور قتادہ > سعید بن المسیب > **انہوں نے حضرت سعد** رضی اللہ عنہ **سے حضور نبی اکرم** ﷺ **سے اسی طرح روایت کیا۔**

اِسے امام ابن ابی عاصم الشیبانی نے روایت کیا ہے۔

۱۲۶۔ بشر بن ہلال الصواف > جعفر بن سلیمان > حرب بن شداد > قتادہ > سعید بن

شَدَّادٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ مِثْلَهُ.

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي عَاصِمٍ الشَّيْبَانِيُّ.

١٢٧. **ثَنَا ابْنُ كَاسِبٍ، ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيْحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ رَبِيْعَةَ الْجُرَشِيِّ، عَنْ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ مِثْلَهُ.**

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي عَاصِمٍ الشَّيْبَانِيُّ.

١٢٨. **حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ مِثْلَهُ.**

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي عَاصِمٍ الشَّيْبَانِيُّ.

١٢٧: أخرجه ابن أبي عاصم في السنة، ٢/٦٠١، الرقم/١٣٤٤.

١٢٨: أخرجه ابن أبي عاصم في السنة، ٢/٦٠٢، الرقم/١٣٤٥.

المسیب > **حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم ﷺ سے اسی طرح روایت کیا۔**

اِسے امام ابن ابی عاصم الشیبانی نے روایت کیا ہے۔

١٢٧۔ ابن کاسب > سفیان بن عیینہ > ابن ابی نجیح > اپنے والد سے > ربیعہ الجرشی > **حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم ﷺ سے اسی طرح روایت کیا۔**

اِسے امام ابن ابی عاصم الشیبانی نے روایت کیا ہے۔

١٢٨۔ عبید اللہ بن معاذ بن معاذ > اپنے والد سے > شعبہ > علی بن زید > سعید بن المسیب > **حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم ﷺ سے اسی طرح روایت کیا۔**

اِسے امام ابن ابی عاصم الشیبانی نے روایت کیا ہے۔

اَلْمَصَادِرِ وَالْمَرَاجِعِ

١. احمد بن حنبل، ابو عبد اللہ بن محمد (١٦٤-٢٤١ھ/ ٧٨٠-٨٥٥ء)۔ **المسند**۔ بیروت، لبنان: المکتب الاسلامی، ١٣٩٨ھ/١٩٧٨ء۔

٢. بخاری، ابو عبد اللہ محمد بن اِسماعیل بن ابراہیم بن مغیرہ (١٩٤-٢٥٦ھ/ ٨١٠-٨٧٠ء)۔ **الصحیح**۔ بیروت، لبنان + دمشق، شام: دار القلم، ١٤٠١ھ/١٩٨١ء۔

٣. بزار، ابو بکر احمد بن عمرو بن عبد الخالق بصری (٢١٠-٢٩٢ھ/ ٨٢٥-٩٠٥ء)۔ **المسند** بیروت، لبنان: ١٤٠٩ھ۔

٤. بیہقی، ابو بکر احمد بن حسین بن علی بن عبد اللہ بن موسیٰ (٣٨٤-٤٥٨ھ/ ٩٩٤-١٠٦٦ء)۔ **السنن الکبری**۔ مکہ مکرمہ، سعودی عرب: مکتبہ دار الباز، ١٤١٤ھ/١٩٩٤ء۔

٥. ترمذی، ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ بن موسیٰ بن ضحاک سلمی (٢١٠-٢٧٩ھ/٨٢٥-٨٩٢ء) ۔ **السنن**۔ بیروت، لبنان: دار الغرب الاسلامی، ١٩٩٨ء۔

٦. حاکم، ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ بن محمد (٣٢١-٤٠٥ھ/ ٩٣٣-١٠١٤ء)۔ **المستدرک علی الصحیحین**۔ مکہ، سعودی عرب: دار الباز للنشر و التوزیع۔

٧. ابن حبان، ابو حاتم محمد بن حبان بن احمد بن حبان (٢٧٠-٣٥٤ھ/

۸۸۴-۹۶۵ء)۔ **الصحیح۔** بیروت، لبنان: مؤسسۃ الرسالہ، ۱۴۱۴ھ/۱۹۹۳ء۔

۸. ابن ابی شیبہ، ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ابراہیم بن عثمان کوفی (۱۵۹-۲۳۵ھ/۷۷۶-۸۴۹ء)۔ **المصنف۔** ریاض، سعودی عرب: مکتبۃ الرشد، ۱۴۰۹ھ۔

۹. طبرانی، ابو القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر اللخمی (۲۶۰-۳۶۰ھ/ ۸۷۳-۹۷۱ء)۔ **المعجم الأوسط۔** ریاض، سعودی عرب: مکتبۃ المعارف، ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء۔

۱۰. طبرانی، ابو القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر اللخمی (۲۶۰-۳۶۰ھ/ ۸۷۳-۹۷۱ء)۔ **المعجم الصغیر،** بیروت، لبنان: دار الفکر، ۱۴۱۸ھ/۱۹۹۷ء۔

۱۱. طبرانی، ابو القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر اللخمی (۲۶۰-۳۶۰ھ/ ۸۷۳-۹۷۱ء)۔ **المعجم الکبیر۔** موصل، عراق: مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ، ۱۴۰۴ھ/۱۹۸۳ء۔

۱۲. ابن ابی عاصم، ابوبکر عمرو بن ابی عاصم ضحاک شیبانی(۲۰۶-۲۸۷ھ/ ۸۲۲-۹۰۰ء)۔ **السنۃ۔** بیروت، لبنان: المکتب الاسلامی، ۱۴۰۰ھ۔

۱۳. عبد الرزاق، ابو بکر بن ہمام بن نافع صنعانی (۱۲۶-۲۱۱ھ/ ۷۴۴-۸۲۶ء)۔ **المصنف۔** بیروت، لبنان: المکتب الاسلامی، ۱۴۰۳ھ۔

۱۴. ابن ماجہ، ابو عبد اللہ محمد بن یزید قزوینی (۲۰۹-۲۷۳ھ/ ۸۲۴-۸۸۷ء)۔ **السنن۔** بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ، ۱۴۱۹ھ/۱۹۹۸ء۔

۱۵. مسلم، ابن الحجاج ابو الحسن القشیری النیسابوری (۲۰۶-۲۶۱ھ/ ۸۲۱-۸۷۵ء)۔ **الصحیح**۔ بیروت، لبنان: دار احیاء التراث العربی۔

۱۶. مقدسی، محمد بن عبد الواحد حنبلی (۶۴۳ھ)۔ **الأحادیث المختارة**۔ مکہ المکرّمہ، سعودی عرب: مکتبۃ النہضۃ الحدیثیہ، ۱۴۱۰ھ/۱۹۹۰ء۔

۱۷. نسائی، ابو عبد الرحمٰن احمد بن شعیب بن علی بن سنان بن بحر بن دینار (۲۱۵-۳۰۳ھ/ ۸۳۰-۹۱۵ء)۔ **السنن**۔ حلب، شام: مکتب المطبوعات، ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء۔

۱۸. نسائی، ابو عبد الرحمٰن احمد بن شعیب بن علی بن سنان بن بحر بن دینار (۲۱۵-۳۰۳ھ/ ۸۳۰-۹۱۵ء)۔ **السنن الکبری**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ، ۱۴۱۱ھ/ ۱۹۹۱ء۔

۱۹. ہیثمی، نور الدین ابو الحسن علی بن ابی بکر بن سلیمان (۷۳۵-۸۰۷ھ)۔ **موارد الظمآن إلی زوائد ابن حبان**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ۔

۲۰. ابو یعلی، احمد بن علی بن مثنی بن یحیٰی بن عیسیٰ بن ہلال موصلی تمیمی (۲۱۰-۳۰۷ھ/ ۸۲۵-۹۱۹ء)۔ **المسند**۔ دمشق، شام: دار المأمون للتراث، ۱۴۰۴ھ/ ۱۹۸۴ء۔